## تعارف و تبصرۂ

# کتب

جناب اختر راہی ایم۔ اے

**حیات شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ** تالیف: خلیق احمد نظامی ، صفحات: ۳۸۰ قیمت: ۳۹/ روپے

ناشر: مکتبہ رحمانیہ ، اردو بازار۔ لاہور۔

جلال الدین اکبر کے عہدِ الحاد و زندقہ میں حضرت مجدد الف ثانی اور شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے مسلمانانِ برِصغیر کی اصلاح و تربیت کا بیڑا اٹھایا۔ حضرت مجدد صاحب کی تحریکِ اصلاح و تجدید میں سیاسی پہلو پر مناسب توجہ ملتی ہے، اس کے برعکس شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے خالص علمی تحریک برپا کی۔ انہوں نے علومِ حدیث کی ترویج و اشاعت کو بنیادی اہمیت دی۔ انہوں نے اور ان کے اخلاف نے کتبِ حدیث کے ترجمے کئے۔ شرحیں لکھیں اور درس و تدریس کی محفلیں سجائیں۔

مسلمانانِ برِصغیر کی علمی اور تعلیمی زندگی میں شیخ محدث دہلویؒ کی شخصیت ایک روشن مینار کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کی حیات و خدمات پر اردو میں کئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں مگر ان میں جناب خلیق احمد نظامی صاحب کی زیرِ نظر تالیف کو بوجوہ فوقیت حاصل ہے۔ اس موضوع پر اس سے زیادہ جامع کوئی دوسری تالیف نہیں۔

مؤلف نے کتاب کے مقدمہ میں برِصغیر میں علومِ دینی کی نشوونما پر اختصار اور جامعیت سے گفتگو کی ہے۔

کتاب پانچ حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصہ میں حضرت محدث کی سوانح حیات لکھی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں ان کی تالیفات کا تعارف ہے۔ تیسرا حصہ اُن کے معاصرین کے شخصی خاکوں پر مشتمل ہے۔ چوتھے حصہ میں حضرت محدث کی اولاد کا ذکرِ خیر ہے۔ پانچویں حصے میں حضرت محدث کی علمی و دینی خدمات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

آخر میں چند تعلیقات ہیں۔ جن میں حضرت محدث کے استادِ گرامی شیخ علی متقی کا سوانحی خاکہ اور حضرت محدث کے کچھ مکاتیب ہیں۔

زیرِ نظر کتاب پہلی بار ۱۹۵۳ء میں ندوۃ المصنفین دہلی کی طرف سے شائع ہوئی تھی، ایک عرصے سے کمیاب